
# پاکستانیوں کی اکثریت (54% ) کا خیال ہے کہ اُن کے بچوں کا معیار زندگی اُن سے بہتر ہوگا،

خاص طور پرخواتین (59% ) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (57% ) اس حوالے سے پراُمید نظرآئے۔






جب آپ کے بچے اس عمر میں ہوں گےجس میں آپ اب ہیں، تو کیا آپ کو لگتا ہے کہ اُن کا معیار زندگی آپ سے بدتر ہوگا، تقریباً ایسا ہی ہوگا جیسا ابھی آپ کا ہے یا آپ سے بہتر ہوگا ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

متفرق / دیگر مسائل

## پاکستانیوں کی اکثریت (54%) کا خیال ہے کہ اُن کے بچوں کا معیار زندگی اُن سے بہتر ہو گا، خاص طور پر خواتین (59%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (57%) اس حوالے سے پر اُمید نظر آئے۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

اسلام آباد) ،07 فروری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (54%) کا خیال ہے کہ اُن کے بچوں کا معیار زندگی اُن سے بہتر ہو گا، خاص طور پر خواتین (59%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (57%) اس حوالے سے پر اُمید نظر آئے۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"جب آپ کے بچے اس عمر میں ہوں گے جس میں آپ اب ہیں، تو کیا آپ کو لگتا ہے کہ اُن کا معیار زندگی آپ سے بدتر ہو گا، تقریباً ایسا ہی ہو گا جیسا ابھی آپ کا ہے، یا آپ سے بہتر ہو گا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 16% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے بچے جب اس عمر میں ہوں گے جس میں وہ اب ہیں تو اُن کا معیار زندگی اُن سے بدتر ہو گا، 12% جوابدہندگان کے مطابق اُن کا معیار زندگی تقریباً ایسا ہی ہو گا جیسا ابھی اُن کا ہے، جبکہ 54% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے بچے جب اس عمر میں ہوں گے جس میں وہ اب ہی تو اُن کا معیار زندگی اُن سے بہتر ہو گا، تاہم 18% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"جب آپ کے بچے اس عمر میں ہوں گے جس میں آپ اب ہیں، تو کیا آپ کو لگتا ہے کہ اُن کا معیار زندگی آپ سے بدتر ہو گا، تقریباً ایسا ہی ہو گا جیسا ابھی آپ کا ہے یا آپ سے بہتر ہو گا؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** خواتین اپنے بچوں کا معیار زندگی بہتر ہونے کے حوالے سے زیادہ پرُامید نظر آئیں۔ مرد حضرات کی 19% شرح کا یہ اندازہ ہے کہ اُن کے بچوں کا معیار زندگی اُن سے بدتر ہوگا، جبکہ خواتین میں اس حوالے سے شرح 13% پائی گئی۔ مزید برآں، خواتین کی 59% شرح اس حوالے سے پرُامید نظر آئی کہ اُن کے بچے کا معیار زندگی اُن کی نسبت بہتر ہوگا، یہ شرح اُن مرد حضرات جنہوں نے ایسی ہی رائے کا اظہار کیا اُن کی شرح سے 11% زیادہ پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی–شہری علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کی توقعات رکھنے کے حوالے سے شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت زیادہ پرُامید نظر آئے۔ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی 14% زیادہ شرح کا یہ اندازہ ہے کہ اُن کے بچوں کا معیار زندگی اُن سے بدتر ہوگا۔ مزید برآں، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی 10% زیادہ شرح کا یہ خیال ہے کہ اُن کے بچوں کا معیار زندگی اُن سے بہتر ہوگا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1042 خواتین اور مرد حضرات سے 7 تا 12 جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 7th February 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)